## سوال

(243) عورت کا مردوں کے ساتھ نماز جنازہ میں شرکت کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کےلیے مردوں کے ساتھ نماز جنازہ میں شرکت کرنا جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عبادات جن کو اللہ نے اپنی کتاب میں مشروع قرار دیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سنت میں بیان کیا ان میں اصل یہ ہے کہ وہ مردوں اور عورتوں کےلیے عام ہیں الایہ کہ ان کے مردوں یا عورتوں کے ساتھ خاص ہونے کی کوئی دلیل مل جائے اور نماز جنازہ ان عبادات میں سے ہے جن کو اللہ اور اس کے رسول نے مشروع قرار دیا ہے اور اس میں مردوں اور عورتوں سے عام خطاب ہے مگر عورتوں کی صفیں مردوں کی صفوں سے پیچھے ہوں گی۔

اور یہ بھی ثابت ہے کہ عورتوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جنازہ اسی طرح ادا کی جیسے مردوں نے ادا کی تھی لیکن وہ تدفین کےلیے جنازوں کے پیچھے نہیں جائیں گی۔ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کر رکھا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کےلیے صرف

## صفحہ نمبر 226

## محدث فتویٰ